**14/05/2026**

**07.40 / PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر میں شیخ یاسین**

**پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔**

**ہیڈ لائنز**

**........* نئی دلی میں بھارت کی میزبانی میں برکس ممالک کے وزرائے خارجہ کا اجلاس جا ری۔**

**........* لیفٹننٹ گورنر نے شوپیان میں ساوتھ کشمیر والی بال لیگ کا کیا افتتاح// کہا کھیل سرگرمیاں نشہ مکت جموںو کشمیر کی کامیابی کےلئے کلیدی اہمیت کی حامل۔**

**........* اچھن سرینگر میں361کروڑ روپے لاگت والے سالڈ ویسٹ منیجمنٹ پروجیکٹ کے قیام کو وزارتی کونسل کی منظوری۔**

**اور**

**........* چیف سیکریٹری نے سیاحت کے فروغ اور ماحولیات کے تحفظ میں توازن پیدا کرنے کی ضرورت پر دیا زور۔**

**BRICS**

**برکس ممالک کے وزراءخارجہ کا 2روزہ اجلاس بھارت کی میزبانی میں نئی دلی میں جا ر ی ہے۔ میٹنگ کی صدارت وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کر رہے ہیں، جس میں ممبر ممالک کے خارجہ وزیروں کے علاوہ وفود کے سر براہان حصہ لے رہے ہیں۔ اپنے خیالات کا اظہارکرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ عالمی استحکام میں امن اور سلامتی مرکزی حیثیت کے حامل ہے۔ انہوننے کہا کہ حالیہ تنازعات صرف مذاکرات اور سفارت کا ری کی اہمیت کو اُجاگر کر تے ہیں۔........ Jai Shanker....**

**میٹنگ میں برازیل، روس، ایران، انڈو نیشیا، ملیشیاء، متحدہ عرب امارات اور جنوبی افریقہ جیسے ممالک کے وزراءخارجہ شریک ہیں، جو اس اجلاس کے دوران باہمی اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔**

**اس دوران وزیر اعظم نریند رمودی نے بھی برکس اجلاس میں شامل وزرائے خارجہ سے ملاقات کی ۔**

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے نئی دلی میں شروع ہوئی برکس خارجہ وزیروں کی میٹنگ کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مغربی ایشیاءمیں قیام امن کیلئے کی جا رہی کوششیں بار آور ثابت ہوں گی ۔

سرینگر میں ایک تقریب کے حاشیے پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

...........Dr.Farooq...........

LGوالی بال

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج شوپیان میں ساوتھ کشمیروالی بال لیگ 2026 کا افتتاح کیا۔ اپنے خطاب میں انہوننے کہا کہ کھیل سرگرمیاں نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کا موقع فراہم کر تی ہیں۔

ہمارے نمائندے جان نثار احمد کے مطابق ایل جی نے کہا کہ نوجوانوں کو تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کر کے اُن میں قوم کی تعمیر کا جذبہ بھی پیدا کیا جاتا ہے۔ انہوننے کہا کہ مذکورہ فٹ بال لیگ نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کو کامیاب بنانے میں اہم رول ادا کرے گی۔

----LG Shopian----

منوج سنہا نے ضلعے کے آرہامہ علاقے میں4کروڑ94لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے کثیر المقاصد انڈور سپورٹس ہال کو عوام کے نام وقف کیا۔

ایل جی

پر SM Hillلیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کپواڑہ ضلع کے ٹنگڈار کرناہ میں

---

ٹور ازم Battle Field ©"شوریہ گاتھا" کمپلیکس کا افتتاح کیا۔ ایل جی نے کہا کہ یہ سنگ میل کو فروغ دینے میں اہمیت کا حامل ہے ۔

ہمارے نمائندے رفیق احمد کے مطابق منوج سنہانے کہا کہ ایسے اقدامات سے ثقافتی ورثے کو تحفظ ملنے کے ساتھ ساتھ سرحدی علاقوں کی ترقی بھی یقینی بنتی ہے ۔

........ Tangdhar....LG...........

کونسل

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والے وزرتی کونسل نے سب ضلع اسپتال حضرت بل کا درجہ بڑھانے اور اسے مکمل کرنے کی منظوری دی ہے۔

اس مقصد کےلئے سرینگر ماسٹر پلان2035 کے تحت  بفر زون پا بندیوں میں کچھ نرمی کی گئی ہے۔ یہ فیصلہ صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے اور عوام کےلئے طبی نگہداشت کی بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی غرض سے لیا گیا ہے۔

غور طلب ہے کہ یہ پروجیکٹ پچھلے کئی سال سے ان پابندیوں کی وجہ سے کھٹائی میں پڑا ہو ا تھا۔مقامی لوگوں نے اس اہم فیصلے کیلئے وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کیا ہے ۔

درینا ثنا وزراتی کونسل نے اچھن سرینگر میں 361کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے ایک مربوط سالڈ ویسٹ منیجمنٹ پروجیکٹ قائم کرنے کی بھی منظوری دی ہے -8TPDسو

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سرکار جمونو کشمیر میں تعلیمی منظرنامے اور اس سیکٹر کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کی وعدہ بند ہے۔ اس بات کا اظہار انہوننے آج گاندھی نگر جموں میں گورنمنٹ بائز ہائر سکنڈری سکول کا نام تبدیل کرنے کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔

------Sakeena------

واضح رہے کہ مذکورہ سکول کا نام تبدیل کر کے شری کلدیپ کمار بڈیال گورنمنٹ بائز ہائر سکنڈری سکول رکھا گیا ہے۔

اسی دوران وزیر موصوفہ نے آج جموں میں "Manoeuvring Business, Society and Culture in the new wrold oder کے موضوع پر 2روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کیا۔

جاوید ڈار

محکمہ زرعی پیدا وار ، دیہی ترقی اور کاپریٹو کے وزیر جاوید احمد ڈار نے جموں کشمیر میں مال مویشی کے سیکٹر مینجدید کاری لانے کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے اس سیکٹر کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے اور کسانوں کوبہتر وسائل اور تکنیکی مہارت فراہم کرنے پر زور دیا ہے ۔

وہ سرینگر میں منعقدہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران وادی میں کام کرنے والی ویٹرنری اکائیوں کی کا گذاری اور اس سیکٹر میں چلائی جا رہی مرکزی معاونت والی اسکیموں پر عمل آوری کی پیشرفت کا جائزہ لے رہے تھے ۔

راتھر

جموں کشمیر اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج اپنے حلقہ انتخاب چرار شریف پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ضلع بڈگام کے مجموعی ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔

سپیکر موصوف نے پبلک سروس ڈیلوری کو ترجیحات میں شامل رکھتے ہوئے گورننس میں عوام کو مقدم رکھنے پر زور دیا ۔ انہوں نے تعمیر و ترقی کے کاموں کوبر وقت مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سیاحت کے فروغ اور ماحولیاتی تحفظ کے ما بین توازن پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ یہ بات انہوننے سرینگر میں آج ایک میٹنگ کے دوران کہی جو جمونو کشمیر میں ایکو ٹور ازم کو فروغ دینے کےلئے
محکمہ

---

جنگلات کے تیار کر دہ جامع منصوبے کا جائزہ لینے کےلئے طلب کی گئی تھی۔ ۂ

نشہ

نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت یوٹی کے سبھی اضلاع میں سیول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے مختلف سرگرمیاں جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG------

اس بارے مینڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

--- Shahzad Alam---

KP

اس دوران کشمیر پولیس کی جانب سے وادی کے مختلف اضلاع میں نہ صرف ڈرگ سمگلروں کی گرفتاری عمل میں لائی جا رہی ہے بلکہ اس بری عادت میں ملوث افراد کے اثاثوں کو بھی قرق یا منہدم کرنے کی کارروائیاں جا ری ہیں۔

ایک تازہ کارروائی میں سرینگر پولیس نے پمپوش کالونی نور باغ سرینگر مینعادل منظور بٹ نامی ایک سمگلر کی ایک کروڑ 20لاکھ روپے مالیت کے اثاثے کو قرق کر دیا ہے۔

ادھرکولگام پولیس نے ضلعے کے چنی گام فرصل علاقے میں جہانگیر احمد بٹ نامی سمگلر کی NDPS ایکٹ کے تحت منہدم کیا ہے۔دریں اثنا پولیس نے کہنوسہ بانڈی پورہ میں تین دُکانوں کو 20لاکھ روپے مالیت کا دس مرلونکا زمین کا رقبہ سربمہر کر دیا ہے ۔ یہ رقبہ نیو کالونی سوپور احمد صوفی نامی ایک دہشت پسند کا بتایا جا رہا ہے ۔اونتی پورہ پولیس ڈسٹرکٹ میں Majid کے بھی میڈکل شاپوں کی چکینگ کے دوران کئی قصور واروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔

**IUST**

**اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے اہتمام سے نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت" اتحاد کے لئے دوڑ " کا اہتمام کیا گیا۔ اس میں یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران، انتظامی عملے، اہلکاروں اور طالب علموں کے علاوہ مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔**

**اندرابی**

**جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے پائیدار اور قابل تجدید توانائی کے شعبے میں کام کر رہی نجی کمپنیوں سے کہا ہے کہ وہ جموں کشمیر میں لوگوں کو گھریلو استعمال کے سولر روف ٹاپس رعایتی قیمتوں پر دستیاب رکھیں ۔ سرینگر میں آج اس شعبے کی ایک نجی کمپنی کے اہتمام سے منعقدہ ایک تقریب پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے موجودہ سرکار پر لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو پورا نہ کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں بجلی سپلائی کی صورتحال نا گفتہ بہہ ہے ۔ انہوں نے لوگوں سے تاکید کی کہ وہ قابل تجدید توانائی کے ذرائع کا استعمال کریں ۔**

**(Solar)........Andrabi........**

**بریک**

**یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔**

**پربھی سما عت کر سکتے DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔**

**پروگرام**

**کشمیر کی ثقافتی وراثت کو تحفظ فراہم کرنے کےلئے کام کرنے والی" کشیر ہسٹری فاؤنڈیشن" کے نام سے The First Travelling Museum and Cultural Festivel"کے اہتمام سے سرینگر میں کل سے تین روزہ پروگرام کا آغاز ہو گا۔**

**سنندا نہرو گنجو کے ساتھ ریکارڈ کیا گیا آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کر دہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے8بجے نشر ہو گا۔ ان کے ساتھ ہمکلام ہونگے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ڈائریکٹر طارق راتھر۔**

**حج**

حج ہاوس جموں کشمیر حج کمیٹی کے زیر اہتمام Residential Coaching Institute نے JKPSC اور UPSC امتحانات کی خاطر تیاری کرنے والے خواہشمند امیدواروں کی کوچنگ کے لئے درخواستیں طلب کی ہیں ۔

اس بارے میں جے اینڈ کے سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

...........Dr. Shujat........

اعجاز بشیر

جموں کشمیر کے ڈگری کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ کورسز اور پانچ سالہ انٹیگریٹیڈ PG- پروگراموں کیلئے داخلے کا عمل شروع ہو گیا ہے

تفصیلات دیتے ہوئے جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیو زسرینگر کو بتایا۔

...........Aijaz Bashir...........

کرائم برانچ

کرائم برانچ کی جرائم سے متعلق خصوصی ونگ نے زمین فروخت کرنے کیلئے جعلی کاغذات تیار کرنے کے ایک معاملے میں بڈگام اور سرینگرمیں چھاپے مار کارروائی انجام دی .تفصیلات کے مطابق ٹُلسی باغ سرینگر کے طارق احمد صوفی اور نار کرہ بڈگام کے طارق احمد وانی نے اس وقت کے پٹواری کے ساتھ مل کر زمین کے ایک رقبے کے جعلی کاغذات تیار کئے اور شکایت دہندہ سے لاکھوں روپے کی رقم اینٹھ لی .کرائم برانچ نے لوگوں سے ایسے معاملات میں ہوشیار رہنے کی تاکید کی ہے ۔

بھاجپا نامہ

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج نئی دلی میں نائب صدر جمہوریہ CPرادھا کرشنن کے ساتھ ملاقات کی۔ انہوننے جمونو کشمیر کے سماجی، سیاسی،سلامتی، جمہوری اور ترقیاتی معاملات پر نائب صدر کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

پارٹی کے میڈیا انچارج پردیپ مہو ترا نے راہل گاندھی کو بقول ان کے آئے روز بیرون ممالک جانے کےلئے تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوننے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی دوغلی سیاست چلا رہی ہے۔

ریلوے مہم

شمالی ریلوے کا جموں ڈویژن ریلوے بورڈ اور ہیڈ کواٹرس کی ہدایت پر جموں کے ڈویژنل ریلوے منیجر وویک کمار کی رہنمائی میں کل یعنی15مئی سے جموں صوبے میں ماحولیات کے تحفظ سے متعلق ایک خصوصی مہم شروع کر رہا ہے۔

اس برس کے عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے منعقد کی جارہی یہ مہم5جون تک جا ری رہے گی۔

رسوئی گیس

سرکار نے کہا ہے کہ ملک میں خام تیل، رسوئی گیس اور قدرتی گیس کی وافر مقدار میں دستیابی کو یقینی بنانے کے مناسب اقدامات کئے گئے ہیں۔

نئی دلی میں مغربی ایشیاءکی صورتحال پر ایک بین وزارتی ایک پریس بریفنگ کے دوران پیٹرولیم اور قدرتی گیس وزارت کی جوائنٹ سیکریٹری سجاتا شرما نے کہا کہ ملک میں کہیں سے بھی رسوئی گیس کی قلت کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

NDRF

نے اپنے قیام  NDRFمرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کے20برس میں ملک کی140کروڑ آبادی کا اعتماد جیت لیا ہے۔

ایوارڈ تقریب سے خطاب Colour کےلئے منعقدہ پریذیڈنٹس NDRFاُتر پردیش کے غازی آباد میں کے اہلکاروں کی NDRFکر تے ہوئے انہوننے کہا کہ ملک میں جب بھی کوئی آفت آتی ہے تو موجودگی متاثرین کےلئے باعث راحت بن جا تی ہے۔

نے ساڑھے8ہزار سے زائد اپنے اہلکاروں کے ساتھ ساتھ10ہزار NDRFامت شاہ نے کہا کہ سیول ڈیفنس کے جوانوںاور 2لاکھ20ہزار سے زیادہ رضاکاروں کو تربیت فراہم کی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 22 اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 30منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر25منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی یہ خبر نامہ ختم ہوا ۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

……………………………………

…………………

………

..